اسراف ،بدعات اوراسراف تعمیرات میں اسراف، امراء اور حکمرانوں کا اسراف ،حدود تعزیرات میں اسراف، تکفین وتجہیز میں اسراف ، اسراف کے حوالہ سے متفرق مسائل ۔ ان تمام مسائل اورموضوعات پر فاضل مؤلف نے تین سال محنت کر کے ایک ایسے کتاب کومرتب کیا جو تشنگان علم وفضل کووافر ذخیرہ فراہم کرتا ہے ۔ یہ بات یقینی ہے کہ قوموں کےعروج وزوال کا اندازہ ان کے دسترخوان ،خوراک ،لباس ،وغیرہ ہی سے لگایا جاسکتا ہے موصوف نے کمال کردیا کہ اس اہم موضوع پر مفصل کتاب لکھ کر امت کی رہنمائی اور اسراف سے بچنے کی راہیں متعین کیں۔ کتاب کے متعلق استاد مکرم مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحبؒ یوں رقمطراز ہے ۔ ''میری نگاہ سے اس موضوع پر ایسی ہمہ گیر جامعہ مانع تالیف نہیں گزری جسمیں عقائد ،عبادات ،معاملات ،معاشرات ،سیاسیات ،اداب ،اخلاقیات ، دعوت وارشاداور دیگر بےشمار مباحث وامور میں اسراف پر تحقیقانہ انداز میں مدلل کلام موجود ہوں۔'' موصوف نے بڑی محنت ، اورغرق ریزی سے بکھرے ہوئے جواہر پاروں کوجمع کر کے ایک جدید علمی حزینہ قارئین کے سامنے پیش کیا ہے ۔ اللہ موصوف کومزید علمی کاموں کی توفیق دے اوراس عظیم کاوش کوقبولیت عامہ سےنوازے ۔ (مبصر:مولانا اسلام حقانی)

● **فتح المنان فی حکم البیع اذاظهر فيه الزيادة او النقصان** ......مولانا مفتی عبیدالرحمٰن

ضخامت ۸۵صفحات ناشر: مرکز البحوث الاسلامیہ مردان 03133736809

فقہ کی کتابوں میں کتاب البیوع کے اندر ایک معرکۃ الاراء مبحث ''اصل وصف'' موجود ہیں اور یہ مبحث ایک مسئلہ کیساتھ وابستہ ہے کہ مبیع میں کمی یازیادتی ظاہر ہوجائے تو کیلی اشیاء میں کیا کریں گے اورموزونی اشیاء میں کیا کریں گے؟ یہ ایک مشکل مسئلہ ہے جسے اساطین علم اور شہسواران درس وتدریس نے اپنے اپنے اسلوب اورانداز سے اپنی تقریرات میں حل کیا ہے ۔

زیرتبصرہ کتاب اس مشکل مسئلہ کے متعلق ہے جو محترم مفتی عبیدالرحمٰن صاحب کی تصنیف ہے موصوف کواس کتاب کی تیاری میں کافی مشکلات کا سامنا کرناپڑابڑی محنت اور جانفشانی کے ساتھ اس کتاب کو تیار کیا ہے ۔اس کتاب میں انہوں نے اصل وصف کی وضاحت ، اسکے اصول ،ضوابط ، اورقواعد ، اوراس مسئلہ کے متعلق فقہائے احناف کی عبارات کی تشریح اوراشکالات کا جائزہ ،عصر حاضر میں اس کی منطبق ان تمام امور پر سیر حاصل بحث کرتے ہوئے اہل علم وفضل پر احسان عظیم فرمایا کتاب کا اسلوب عام فہم ،طریقہ استدلال سادہ تفہیم مسائل آسان۔مفتی عبیدالرحمٰن صاحب نہایت ہی اچھے قابل مدرس درس وتدریس کے ساتھ ایک جید محقق بھی ہیں مصنف کااس سے پہلے بھی ایک کتاب ''امر بالمعروف ونہی عن المنکر'' نے اہل علم وفضل سے داد تحسین وصول کرچکے ہیں اوراب بھی ایک اہم مسئلہ ''مسئلہ تکفیر'' پر لکھتے رہتے ہیں ۔اللہ مزید لکھنے کی توفیق سےنوازے اوراس کاوش کوشرف قبولیت سےنوازے ۔